کوالٹی آف لائف

اس دنیا کی مختصر سی غیر یقینی زندگی میں ——

کوالٹی آف لائف کی خاطر

ہم کتنی احتیاطیں کرتے ہیں!

بلڈ پریشر ہو تو نمک نہیں چکھتے، ذیابیطس ہو تو شکر،

دل کا حملہ ہو جائے تو معمولات زندگی ہی بدل جاتے ہیں۔

کبھی بعد کی نہ ختم ہونے والی یقینی زندگی کی

کوالٹی آف لائف کے بارے میں سوچا؟

نافرمانی کرنے پر، ہاتھ پاؤں اور آنکھوں سے گناہ کرنے پر ——

غیبت کرنے، ناجائز مال کمانے اور حق مارنے پر ——

کیسی کیسی وعیدیں ہیں!

پھر ہم کیوں نہیں بچتے؟

کیا ہم کو یقین نہیں ——

اتنا بھی نہیں جتنا ڈاکٹر کی بات پر ہے۔